28/05/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ **بصارت غل** سے خبریں سُنئے

**وزیر اعلیٰ**

سیاحتی مقامات سے اقوام عالم تک امن کا پیغام پہنچانے کی ایک کڑی کے تحت وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ کی صدارت میں آج گلمرگ میں ایک اورکابینہ اجلاس منعقد ہورہا ہے۔اس بات کا فیصلہ کل پہلگام میں منعقد ہوئی کابینہ میٹنگ میں لیا گیا ہے۔سیاحتی مقامات پر اس طرح کی میٹنگیں منعقد کرنے کا مقصدبیان کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ نے کہا ہے کہ سیاحوں میں تحفظ کا احساس پیدا کرنا اور سیاحت و معیشت کی بحالی کی راہ ہموار کرنا ہے۔

دریں اثناءوزیر اعلیٰ نے پہلگام کے قریب بائسرن میں ہوئے حملے کے 26 متاثرین کی یاد میں ایک یادگار قائم کرنے کا اعلان کیا ہے ۔ پورے ملک سے آئے ہوئے ٹور اینڈ ٹریول آپریٹروں کے ساتھ تبادلہ خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یادگار کو عالیشان، با وقار اور قابل احترام بنانے کی غرض سے لوگوں سے تجاویز بھی طلب کی جائیں گی ۔

اسی دوران وزیر اعلیٰ نے سالانہ امر ناتھ یاتراکے سلسلے میںانتظامات کا جائزہ لینے کے لئے نن ون بیس کیمپ کا دورہ کیا۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ دورے کے دوران انہوں نے زمینی سطح پر کام کر رہے اہلکاروں کے ساتھ بات چیت کی اور انہیںیاتریوں کی حفاظت یقینی بنانے اور ان کیلئے بہتر سہولیات بہم پہنچانے کی خاطر آپسی تال میل سے کام کرنے پر زور دیا۔

**میٹنگ**

پہلگام میں منعقد ہوئی کابینہ میٹنگ کے ذریعے دنیا کو یہ پیغام دیا گیا کہ جموں کشمیر کے لوگ امن ، بھائی چارے کے علمبردار ہے ۔ میٹنگ کے بعد نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے میڈیا کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

اس دوران کابینہ وزیر سکینہ ایتو نے اس میٹنگ کے بارے میں اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا ۔

**پدم ایوارڈس**

سماج کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کو
ا

---

ن کی گراں قدر خدمات کے صلہ میں پدم ایوارڈ سے نوازے جانے کی خاطر کل شام راشٹر پتی بھون نئی دلی میں ایک ± تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب میں69 شخصیات کو پدم ایوارڈس سے نوازا گیا ہے جن میں سے 3 کو پدم وبھوشن، 9 افراد کو پدم بھوشن اور 57 افراد کو پدم شری ایوارڈ عطا کئے گئے۔ پدم ایوارڈ حاصلکرنے والوں میں جموں کشمیر کی دو شخصیات بھی شامل تھیں ۔ فزیکس کے سابق پروفیسر للت کمار منگوترا کو ادب و تعلیم کے لئے پدم شری عطا کیا گیا جبکہ فاروق احمد میر کو شالبافی میں ان کی گراں قدر خدمات کیلئے پدم شری سے سرفراز کیا گیا۔

**مبارک باد**

دریں اثناءوزیر عظم نریندر مودی نے پدم ایواڑ پانے والی شخصیات کو مبارک باد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ معاشرے کے مختلف شعبہ جات میں ان شخصیات کی خدمات بے مثال ہیں۔ وزیر داخلہ امت شاہ ، مرکزی وزیر کرن رججو نے ایوارڈ

حاصل کرنے والوں کو مبارک باد پیش کی ہے ۔ اِدھر مرکزی وزیرڈاکٹر جتندر سنگھ نے جمونو کشمیر کے ایوارڑ یافتہ شخصیات کو مبارکباد پیش کی ہے۔

**بانڈی پورہ**

ضلع بانڈی پورہ کے سمبل علاقے میں قائم نند کشور مندر میں 35 سال بعد "سنبلی ماواس" تہوارمذہبی جوش و خروش کے ساتھ منایا گیا ہے۔اس دوران ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ منظور احمد قادری نے مندر کا دورہ کیا اور منعقدہ تقریب مینشر کت کی۔انہوں نے یہاں موجود پنڈت برادری سے بھی بات چیت کی جنہوننے اس تہوار کو دوبارہ منعقد کرنے پر خوشی کا اظہار کیا۔

**تعزیت**

آکاش وانی سرینگرکے سربراہ گربندر سنگھ ،ریجنل نیوزیونٹ کے سربراہ اور اسٹیشن کے باقی عملے نے آکاشوانی سرینگر کے ایک کیجول اناؤ نسرشبیر احمد کے برادر اکبر کے اچانک انتقال پر دکھ اور افسوس کا ظہار کیا ہے۔ انہوں نے سوگوار کنبے کے ساتھ تعزیت کرتے ہوئے مرحوم کے بلند درجات اور لواحقین کے لئے صبر جمیل کی دعا کی۔متوفی دل کا دورہ پڑنے کے بعد سرینگر کے ایک اسپتال میں انتقال کرگئے۔

**موسم**

کل شام شہر سرینگر سمیت وادی کے مختلف علاقوں مینموسم میں اچانک تبدیلی آئی جس دوران تیز ہواؤں کے ساتھ ساتھ بارشیں اور ژالہ باری ہوئیں۔جس کے نتیجے میں فصلوں اور میوہ باغات کو نقصان پہنچا ہے ۔ اِدھر واگڑ ترال میں تیز آندھی کے باعث سلیمہ نامی ایک خاتون درخت کی زد میں آ کر لقمہ اجل بن گئی ۔

تازہ موسمی صورتحال کے حوالے سے سرینگر میں
محکم

---

ہ موسمیات کے سربراہ ڈاکٹر مختار احمد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔۔

**درجہ حرارت**

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 13 اعشاریہ 7 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 25 اعشاریہ 1 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ